© rasailojaraid.com

لئے ''القاسم اکیڈمی'' جامعہ ابو ہریرہ، خالق آباد، نوشہرہ (صوبہ سرحد) نے اُن کے افادات پر مشتمل چوتھی جلد شائع کی ہے۔ جو مختلف موضوعات پر حاوی ہے۔ عوام وخواص اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

## نام کتاب: ''سیرتِ سیدنا ابو ہریرہؓ''

مؤلف: حافظ محمد اقبال رنگونی

ضخامت: ۱۸۰ اصفحات

ناشر: ادارہ اشاعت الاسلام، برطانیہ

ملنے کا پتا: حافظ عبد الرحیم میاں، مکتبہ الهلال ۱۱۱، ایف ۲/۳ ناظم آباد ۳، کراچی نمبر ۱۸

آنحضرت ﷺ کے جلیل القدر صحابی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ علم حدیث کا ایک چلتا پھرتا مجسمہ تھے۔ انہوں نے اس کام کے لئے بھوک پیاس کی کوئی پروانہ کی۔ اُن کا کھانا پینا سب علم حدیث ہی تھا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عسرت کی حالت میں یہ عظیم دولت حاصل کی جس پر دنیا بھر کے خزانے نچھاور کئے جائیں تو بھی کم ہیں۔ آپ کو آنحضرت ﷺ کی احادیث وسنن کے حافظ ہونے کا شرف حاصل ہے۔ آپ کو تمام صحابہ میں یہ امتیاز حاصل ہے کہ حضور ﷺ نے آپ کو ایک خصوصی دعا کے ذریعے اپنی احادیث کی حفاظت کرنے کی نعمت عطا کی تھی۔ اس کتاب میں مؤلف نے سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سیرت وسوانح اور آپ کے حالات وکمالات کو مستند مآخذ کی روشنی میں پیش کیا ہے اور آپ پر کئے جانے والے اہم اعتراضات کا جواب دینے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ المختصر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی پر یہ ایک جامع اور دلچسپ کتاب ہے۔

## نام کتاب: ''ردیفِ پیغمبر، صدیق اکبرؓ''

مصنف: ابو اسامہ ساجد الرحمٰن اکمل

ضخامت: ۱۸۴ اصفحات/ قیمت: ۱۰۰ روپے

ملنے کا پتا: بخاری اکیڈمی، دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی۔ ملتان

''شمع کے لئے پروانہ، بلبل کو پھول بس
صدیق کے لئے ہے خدا کا رسول بس''

اللہ تعالیٰ نے جہاں پیغمبر ﷺ کو بڑی فیاضی سے، صحابہ کرامؓ جیسی عظیم جماعت عنایت فرمائی۔ وہاں مرشد کامل ﷺ نے بھی اُن کی اصلاح وتربیت میں کوئی کسر اٹھانہ رکھی کہ اُن میں سے ایک ایک صحابی، آسمانِ ہدایت پر ایسا درخشاں ستارہ


© rasailojaraid.com